## ملک نازک حالات سے دوچار ہے، ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے، چھوٹے چھوٹے مسائل پر ایک دوسرے کو نیچا دکھانے اور ملک میں جاری جمہوری عمل کے خاتمہ کی سازشیں کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ الطاف حسین

### اگر ہم نے اپنا رویہ تبدیل نہیں کیا تو اس طرز عمل سے ملک کو بہت بڑا نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے

### بلوچستان کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی میں اضافہ ہو رہا ہے اور وہاں کی صورتحال سنگین سے سنگین تر ہو رہی ہے

### نوجوان آزادی کے اصل معنی و مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کریں اور اپنے قومی فرض کو پہچانیں

### آزادی سے بڑی کوئی نعمت نہیں ہوسکتی۔ پاکستان کے 63ویں یوم آزادی کے موقع پر پی ٹی وی کے خصوصی پروگرام میں گفتگو

لندن۔۔۔13 اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک نازک حالات سے دوچار ہے لہٰذا ہمیں ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے، چھوٹے چھوٹے مسائل پر ایک دوسرے کو نیچا دکھانے اور ملک میں جاری جمہوری عمل کے خاتمہ کی سازشیں کرنے سے گریز کرنا چاہیے اور اگر ہم نے اپنا رویہ تبدیل نہیں کیا تو اس طرز عمل سے ملک کو بہت بڑا نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے یہ بات پاکستان کے 63ویں یوم آزادی کے موقع پر پاکستان ٹیلی وژن کے ایک خصوصی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے پوری پاکستانی قوم کو دل کی گہرائیوں سے یوم آزدی کی زبردست مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ میں یوم آزادی کے موقع پر پاکستانی قوم کے ایک ایک فرد خصوصاً نوجوانوں کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ خدارا آزادی کے اصل معنی و مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کریں کیونکہ کسی بھی قوم کیلئے آزادی سے بڑی کوئی نعمت نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ آزادی کو نعمت سمجھتے ہوئے اپنے قومی فرض کو پہچانیں، اپنے کردار واطوار اور ارد گرد کے ماحول کو اس طرح مثبت انداز میں تبدیل کریں کہ 63 سال پہلے ہمیں جو آزادی ہمیں نصیب ہوئی اس کا پھل آنے والی نسلیں نہ صرف حاصل کرسکیں بلکہ ملک کو غربت، مہنگائی، بیروزگاری، کرپشن اور ان جیسے جن دیگر مسائل کا سامنا ہے، ملک کو ان مسائل سے نجات دلانے کیلئے ہر شہری ایمانداری اور دیانتداری سے اپنے فرائض ادا کرے۔ ایک سوال کے جواب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان آج کل انتہائی نازک مراحل سے گزر رہا ہے، ایک طرف صوبہ سرحد میں پاکستان کی مسلح افواج دہشت گردوں کے خلاف نبرد آزما ہے، دوسری طرف بلوچستان جو برسوں سے شدید محرومیوں کا شکار ہے وہاں کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی میں اضافہ ہو رہا ہے اور وہاں کی صورتحال سنگین سے سنگین تر ہو رہی ہے۔ ان نازک حالات میں ہمیں ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے، چھوٹے چھوٹے مسائل پر ایک دوسرے کو نیچا دکھانے، ملک میں جاری جمہوری عمل کے خاتمہ کی سازشیں کرنے سے گریز کرنا چاہیے، اگر ہم نے اپنا رویہ تبدیل نہیں کیا تو اس طرز عمل سے ملک کو بہت بڑا نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔

## پاکستانی عوام ملک وقوم کی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کریں، الطاف حسین

### اقلیتوں کی جان و مال کے تحفظ اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف جدوجہد کی جائے

### 63ویں جشن آزادی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔13/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم تمام پاکستانیوں کو 63ویں یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور ملک وقوم کو اندرونی وبیرونی خطرات لاحق ہیں، ان حالات میں ایک ایک پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرے اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جشن آزادی کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہئے کہ ہم بحیثیت پاکستانی، ملک میں بسنے والی تمام مذہبی اقلیتوں کو برابر کا پاکستانی سمجھیں گے، ان کے جان و مال اور عزت وآبرو کا تحفظ یقینی بنائیں گے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے متحدہ جدوجہد کریں گے۔

## الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ سے ہماری خاص قربت ہے اوران سے یہ تعلق ہمارے لئے باعث صد افتخار ہے، مشاہد حسین سید

## چوہدری شجاعت کی سربراہی میں مسلم لیگ ق کے رہنماؤں کی ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

پاکستان مسلم لیگ ق کے سیکریٹری جنرل مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ سے ہماری خاص قربت ہے اوران سے یہ تعلق ہمارے لئے باعث صد افتخار ہے۔ الطاف حسین نے مڈل کلاس قیادت کو متعارف کرایا اور یہ اعزاز صرف انہی کو جاتا ہے۔ وہ جمعرات کے روز قائد تحریک الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ق ماضی کی طرح اب بھی ایم کیوایم سے تعاون کرنے کیلئے تیار ہے آج یہاں خلوص دل کے ساتھ استقبال کرنے پر ہم قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کے رہنماؤں کے شکرگزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نے عوامی رابطہ مہم شروع کردی ہے اور مسلم لیگ ق کے تحت ملک بھر میں جشن آزادی منایا جائے گا اور چاروں صوبوں میں پرچم کشائی کی جائے گی۔ مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ میں اس استقبال پر ایم کیوایم کا شکرگزار ہوں، مجھے اتنے ہار پھول پہنا دیئے گئے کہ مجھے کچھ نظر نہیں آرہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ محبت سیاست سے بالاتر ہوتی ہے، سیاسی معاملات اپنی جگہ لیکن ہم الطاف حسین سے دوستی، محبت اور تعلقات کو فوقیت دیتے ہیں اور الطاف حسین سے اسی محبت کے باعث آج ہم یہاں آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ یہ کہتے تھے کہ مسلم لیگ ق ختم ہوگئی اور اس کی کوئی قیادت نہیں ہے تو وہ دیکھ لیں کہ مسلم لیگ ق موجود ہے جس کے لیڈر قائداعظم محمد علی جناحؒ ہیں جو ہم سب کے آئیڈیل ہیں۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے کہا ہے کہ یہاں کوئی سیاست نہیں ہورہی بلکہ ایک بھائی اپنے بھائیوں کے گھر آیا ہے اور چوہدری شجاعت ایک عرصے سے یہاں آرہے ہیں۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی نے معزز مہمانوں کی آمد پر ان سے اظہار تشکر کیا اور بتایا کہ ایم کیوایم اس بار بھی 14 اگست کو جشن آزادی پورے شایان شان طریقے سے منارہی ہے۔ اس سے قبل چوہدری شجاعت اپنے دیگر رہنماؤں مشاہد حسین سید، امیر مقام، نیلوفر بختیار، غوث بخش مہر، سینیٹر سیمی صدیقی، علیم عادل شیخ حلیم عادل شیخ، طارق حسن، بوستان علی ہوتی، سردار اقبال اور دیگر کے ہمراہ نائن زیرو پہنچے تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس قائم خانی نے ارکان رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری، وسیم آفتاب، کنور خالد یونس، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون، ڈاکٹر علی حسن، سیف یار خان، سلیم تاجک، قاسم علی رضا، حق پرست سینیٹرز بابر غوری اور دیگر کے ہمراہ ان کا استقبال کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے انہیں گلدستہ پیش کیا اس موقع پر حق پرست ارکان سینیٹرز، ارکان سندھ اسمبلی، صوبائی وزراء، مشیران اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔

## فراز احمد غوری، علی رضا اور رفیع اللہ کے سفاکانہ قتل میں ملوث مسلح دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔13، اگست 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی سیکٹر کے کارکنان فراز احمد غوری، علی رضا اور ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن رفیع اللہ کے سفاکانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر شہر کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے سرگرم ہیں اور اس سلسلے میں قتل و غارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں تاکہ ایم کیوایم اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان کو مشتعل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ 52 کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں بہیمانہ قتل کے باوجود ایم کیوایم نے صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا ہے اور اب بھی ملک کے استحکام، سالمیت اور جمہوریت کے فروغ کیلئے صبر و برداشت کا مظاہرہ کررہی ہے اور اپنے کارکنان کو صبر و تحمل کی تلقین کررہی ہے۔ انہوں نے اے پی ایم ایس او کے کارکنان فراز احمد غوری شہید، علی رضا شہید اور ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن رفیع اللہ شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ فراز احمد غوری، علی رضا اور رفیع اللہ کے سفاکانہ قتل میں ملوث مسلح دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور ٹارگٹ کلنگ کی وارداتوں کا سلسلہ فی الفور ختم کرایا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کیا جائے۔

## اے پی ایم ایس او کے شہید کارکن کے والد اور ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اے پی ایم ایس او سیکٹر سی یونٹ ایچ ایم سی کالج کے شہید کارکن شکیل احمد خان کے والد اخلاق احمد خان اور ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن وسیم احمد صدیقی کی ہمشیرہ محترمہ نورین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ کے اراکین نے بھی شکیل احمد خان شہید کے والد کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے نے 2005ء کے زلزلے میں آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد کے متاثرین کی بحالی کے سلسلے میں کارہائے نمایاں سرانجام دیئے، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن

## راولاکوٹ کے پہلے دورہ کے موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر و وزیر طاہر کھوکھر سے بات چیت

راولاکوٹ۔۔۔13، اگست 2009ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم فلاحی ادارے نے 2005ء کے زلزلے کے بعد آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں متاثرین کی بحالی اور تعمیر نو کے سلسلے میں کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں اور متاثرین سوات اور مالاکنڈ کی بحالی کیلئے بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن سمیت دیگر اداروں نے بے مثال کردار ادا کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے پہلے دورہ راولاکوٹ کے موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر و وزیر سیاحت سپورٹس کلچر و امور نوجوانان طاہر کھوکھر سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ رحمان ملک نے کہا کہ زلزلہ متاثرین اور متاثرین سوات اور مالاکنڈ کی بحالی کیلئے حکومت کی بھرپور معاونت کرنے پر ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے ہر مشکل وقت اور مختلف سانحات میں جس منظم انداز میں اربوں روپے کا سامان متاثرین تک پہنچایا ہے اس کا کریڈٹ قائد تحریک الطاف حسین کو جاتا ہے۔ اس موقع پر محمد طاہر کھوکھر نے رحمان ملک کو ایم کیو ایم کی دوران زلزلہ خدمات پر مشتمل ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی لکھی گئی کتاب بھی پیش کی۔

## سیاسی اور رفاعی کاموں کی وجہ سے ایم کیو ایم ملک کی سیاست کا ناگزیر جز بن چکی ہے، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک

## راولاکوٹ میں کوئیاں کے مقام پر جلسہ عام سے خطاب

راولاکوٹ۔۔۔13، اگست 2009ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے کہا ہے کہ پاکستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم نے ہر مشکل وقت میں اہم کردار ادا کیا ہے اور مشکل وقت میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مثبت فیصلے کر کے قوم کو بڑے بحرانوں سے نکالنے کیلئے حکومت کی معاونت کی ہے۔ یہ بات انہوں نے آزاد کشمیر کے دورے کے دوران راولاکوٹ میں کوئیاں کے مقام پر جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم اور قائد تحریک الطاف حسین جس انداز میں حکومت معاونت کر رہے ہیں اس سے حالات بہتری کی جانب گامزن ہو رہے ہیں، سیاسی اور رفاعی کاموں کے علاوہ انسانی ہمدردی پر مبنی کاموں کی وجہ سے ایم کوایم ملک کی سیاحت کا ناگزیر جز بن چکی ہے۔ رحمان ملک نے آزاد کشمیر میں زلزلہ کے دوران ایم کیو ایم کی خدمات اور چھ ماہ کے عرصے میں آزاد کشمیر کی مخلوط حکومت میں آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کی کارکردگی کا سراہا۔

## طاہر کھوکھر کی تحریک پر وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے آزاد کشمیر میں بیرون ملک سے آنے والے سیاحوں کے داخلے پر پابندی ختم کرنے کا اعلان کر دیا

راولاکوٹ ۔۔۔13، اگست 2009ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر و وزیر سیاحت اسپورٹس کلچر و امور نوجوانان طاہر کھوکھر کی تحریک پر وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے آزاد کشمیر میں بیرون ملک سے آنے والے سیاحوں کے داخلے پر پابندی ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ایک ماہ کے اندر نئی حکمت عملی واضح کرنے کا حکم دیدیا ہے۔ دورہ راولاکوٹ کے دوران حکومت آزاد کشمیر کی جانب سے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کو سیاحت ہائیڈرل اور انڈسٹری کے شعبے کے حوالے سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران طاہر کھوکھر نے وفاقی وزیر کی توجہ اس جانب مبذول کروائی کہ آزاد کشمیر میں آنے والے سیاحوں کو انٹری پوائنٹس پر داخلے سے روکا جاتا ہے اور انہیں این او سی کے مشکل مراحل سے گزرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے سیاحت کے شعبے کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے آزاد کشمیر میں سیاحوں کے داخلے پر عائد پابندی کے خاتمے کا اعلان کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو فوری طور پر نئی حکمت عملی وضع کرنے کا حکم دیدیا ہے۔ رحمان ملک نے کہا کہ آزاد کشمیر میں بے پناہ سیاحتی پوٹینشل موجود ہے اس کو استعمال میں لانے کیلئے اور سیاحوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے صدر اور وزیر اعظم سے بات کر کے خصوصی پیکج فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ سیاحت کی طرف سے سیاحت کے شعبے کی ترقی کے لئے صدر پاکستان کو بھیجی گئی تجاویز اور 12 ملین روپے کے مطالبہ کو پورا کرنے کیلئے بھی صدر پاکستان سے بات کروں گا اور خصوصی صدارتی پیکج کے تحت آزاد کشمیر میں سیاحت کی ترقی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے وزیر سیاحت طاہر کھوکھر کی کارکردگی کو سراہا۔

## آزاد کشمیر اور پاکستان میں غریب و متوسط طبقہ کا انقلاب صرف اور صرف متحدہ قومی موومنٹ ہی لاسکتی ہے۔ سلیم بٹ

### ایم کیو ایم نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ پر عمل کرتے ہوئے غریب و متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ کو آزاد کشمیر کی اسمبلی میں بھیجا

### کشمیری عوام نسل در نسل خاندانی اور موروثی سیاسی کلچر اور برادری کے دائرے سے نکل کر متحد ہو جائیں

### لندن میں ایم کیو ایم سلاؤ یونٹ کے زیر اہتمام منعقدہ اجتماع سے خطاب

لندن ۔۔۔13 اگست 2009ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر اور پاکستان میں غریب و متوسط طبقہ کا انقلاب صرف اور صرف متحدہ قومی موومنٹ ہی لاسکتی ہے جس نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب و متوسط طبقہ کے نوجوانوں کو ایوانوں میں بھیجا۔ انہوں نے یہ بات برطانیہ کے دارالحکومت لندن میں ایم کیو ایم سلاؤ یونٹ کے زیر اہتمام منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجتماع میں لندن میں آباد کشمیریوں اور پاکستانی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجتماع سے ایم کیو ایم سے تعلق رکھنے والے سندھ کے وزیر خالد عمر، ایم کیو ایم یو کے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، ایم کیو ایم سلاؤ یونٹ کے انچارج یوسف قریشی اور جوائنٹ انچارج جمال شیخ نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں سلاؤ کے سابق میئر راشد بٹ اور موجودہ لیڈر و کونسلر شفیق احمد بھی شریک تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سلیم بٹ نے کہا کہ ایم کیو ایم نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ پر عمل کرتے ہوئے غریب و متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ کو آزاد کشمیر کی اسمبلی میں بھیجا جبکہ اس سے قبل آزاد کشمیر میں ایسا ناممکن تھا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے غریب اور محروم عوام اگر چاہتے ہیں کہ ان کے مسائل حل ہوں تو انہیں چاہیے کہ وہ ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم پر متحد ہو جائیں۔ انہوں نے برطانیہ میں آباد کشمیریوں سے کہا کہ وہ نسل در نسل خاندانی اور موروثی سیاسی کلچر اور برادری کے دائرے سے نکل کر متحد ہو جائیں۔ اس موقع پر تقریب کے شرکاء نے سلیم بٹ کو آزاد کشمیر کے حوالے سے اپنے مختلف مسائل سے بھی آگاہ کیا۔ سلیم بٹ نے تمام مسائل کو ہمدردی سے سنا اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ آج کراچی میں کشمیریوں کے لئے کشمیر ہاؤس اور کمیونٹی سینٹر کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆